القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَةِ

سُورَةُ الأَحْزَابِ

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿سُورَةُ الأَحْزَابِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ ٱتَّقِ ٱللَّهَ وَلَا تُطِعِ ٱلۡكَٰفِرِينَ وَٱلۡمُنَٰفِقِينَۚ إِنَّ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ	ٱتَّقِ ٱللَّهَ	وَلَا تُطِعِ	ٱلۡكَٰفِرِينَ	وَٱلۡمُنَٰفِقِينَۚ	إِنَّ
اے نبیؐ!	آپؐ اللہ سے ڈریں	اور آپؐ اطاعت نہ کریں	کافروں کی	اور منافقوں کی	بیشک

اے نبی ﷺ ! آپؐ اللہ سے ڈریں اور کافروں اور منافقوں کی اطاعت نہ کریں۔

ٱللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝١ وَٱتَّبِعۡ مَا

ٱللَّهَ	كَانَ	عَلِيمًا	حَكِيمًا ۝١	وَٱتَّبِعۡ	مَا
اللہ	ہمیشہ سے ہے	خوب جاننے والا	نہایت حکمت والا	اور آپؐ پیروی کریں	اس چیز کی جو

بیشک اللہ خوب جاننے والا نہایت حکمت والا ہے۔ اور آپ ﷺ پیروی کریں

يُوحَىٰٓ إِلَيۡكَ مِن رَّبِّكَۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ

يُوحَىٰٓ	إِلَيۡكَ	مِن رَّبِّكَۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ
وحی کی جاتی ہے	آپ کی طرف	آپ کے رب کی طرف سے	بیشک	اللہ	ہے

اس ہدایت کی جو آپؐ کی طرف آپؐ کے رب کی طرف سے وحی کی جاتی ہے

بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٗا ۝٢ وَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِۚ وَكَفَىٰ

بِمَا	تَعۡمَلُونَ	خَبِيرٗا ۝٢	وَتَوَكَّلۡ	عَلَى ٱللَّهِۚ	وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ
اس سے جو	تم کرتے ہو	خوب خبردار	اور بھروسہ کیجیے	اللہ پر	اور کافی ہے اللہ

یقیناً اللہ ان سب باتوں سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اور اللہ پر بھروسہ کیجیے اور اللہ کارسازی کے لیے کافی ہے۔

وَكِيلٗا ۝٣ مَّا جَعَلَ ٱللَّهُ لِرَجُلٖ مِّن قَلۡبَيۡنِ فِي جَوۡفِهِۦۚ وَمَا جَعَلَ

وَكِيلٗا ۝٣	مَّا جَعَلَ ٱللَّهُ	لِرَجُلٖ	مِّن قَلۡبَيۡنِ	فِي جَوۡفِهِۦۚ	وَمَا جَعَلَ
کارساز	اللہ نے نہیں بنائے	کسی انسان کے لیے	دو دل	اس کے سینے	اور اس نے نہیں بنایا

اللہ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے

أَزۡوَٰجَكُمُ ٱلَّٰٓـِٔي تُظَٰهِرُونَ مِنۡهُنَّ أُمَّهَٰتِكُمۡۚ وَمَا جَعَلَ

أَزۡوَٰجَكُمُ	ٱلَّٰٓـِٔي	تُظَٰهِرُونَ	مِنۡهُنَّ	أُمَّهَٰتِكُمۡۚ	وَمَا جَعَلَ
تمھاری بیویوں کو	وہ جو	تم ظہار کرتے ہو	ان سے	تمھاری مائیں	اور اس نے نہیں بنایا

اور نہ اس نے تمھاری ان بیویوں کو تمھاری مائیں بنایا ہے جن سے تم ظھار کر بیٹھتے ہو

أَدۡعِيَآءَكُمۡ أَبۡنَآءَكُمۡۚ ذَٰلِكُمۡ قَوۡلُكُم بِأَفۡوَٰهِكُمۡۖ وَٱللَّهُ

أَدۡعِيَآءَكُمۡ	أَبۡنَآءَكُمۡۚ	ذَٰلِكُمۡ	قَوۡلُكُم	بِأَفۡوَٰهِكُمۡۖ	وَٱللَّهُ
تمھارے لے پالکوں کو	تمھارے بیٹے	یہ	تمھارا یہ کہنا	اپنے موھنوں سے	اور اللہ

اور نہ ہی اس نے تمھارے مُنہ بولے بیٹوں کو تمھارے بیٹے بنایا ہے یہ سب تمھارے اپنے مُنہ کی باتیں ہیں

يَقُولُ ٱلۡحَقَّ وَهُوَ يَهۡدِي ٱلسَّبِيلَ ۝٤ ٱدۡعُوهُمۡ

يَقُولُ	ٱلۡحَقَّ	وَهُوَ	يَهۡدِي	ٱلسَّبِيلَ ۝٤	ٱدۡعُوهُمۡ
کہتا ہے	حق	اور وہی	ہدایت دیتا ہے	(سیدھے) راستے کی	تم ان (لے پالکوں) کو بلاؤ

اور اللہ حق کہتا ہے اور وہی سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ تم ان لے پالکوں کو ان کے

لِأٓبَآئِهِمۡ هُوَ أَقۡسَطُ عِندَ ٱللَّهِۚ فَإِن لَّمۡ تَعۡلَمُوٓاْ

لِأٓبَآئِهِمۡ	هُوَ	أَقۡسَطُ	عِندَ ٱللَّهِۚ	فَإِن	لَّمۡ تَعۡلَمُوٓاْ
ان باپوں کی طرف (نسبت کر کے)	یہ	زیادہ انصاف کی بات ہے	اللہ کے نزدیک	پھر اگر	تم نہ جانو

حقیقی باپوں کی طرف نسبت کر کے بلاؤ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانو

ءَابَآءَهُمۡ فَإِخۡوَٰنُكُمۡ فِي ٱلدِّينِ وَمَوَٰلِيكُمۡۚ وَلَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ

ءَابَآءَهُمۡ	فَإِخۡوَٰنُكُمۡ	فِي ٱلدِّينِ	وَمَوَٰلِيكُمۡۚ	وَلَيۡسَ	عَلَيۡكُمۡ
ان کے باپوں کو	تو وہ تمھارے بھائی ہیں	دین میں (دینی)	اور تمھارے دوست ہیں	اور نہیں ہے	تم پر

تو وہ تمھارے دینی بھائی اور دوست ہیں

جُنَاحٌ فِيمَآ أَخۡطَأۡتُم بِهِۦ وَلَٰكِن مَّا

جُنَاحٌ	فِيمَآ	أَخۡطَأۡتُم	بِهِۦ	وَلَٰكِن	مَّا
کوئی گناہ	اس میں جو	تم نے خطا کی	اس (کے بولنے) میں	اور لیکن	وہ (گناہ) جو

اور اس معاملے میں تم سے جو خطا ہوئی ہے اُس پر تم سے کوئی مؤاخذہ نہیں

تَعَمَّدَتۡ قُلُوبُكُمۡۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورٗا رَّحِيمًا۝٥

تَعَمَّدَتۡ	قُلُوبُكُمۡۚ	وَكَانَ	ٱللَّهُ	غَفُورٗا	رَّحِيمًا۝٥
ارادے سے کیا	تمھارے دلوں نے	اور ہے	اللہ	بڑا بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا
لیکن تم لوگ جو کچھ اپنے دلوں کے ارادے سے کروگے (اس کا ضرور احتساب ہوگا) اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے					

ٱلنَّبِيُّ أَوۡلَىٰ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ مِنۡ أَنفُسِهِمۡۖ وَأَزۡوَٰجُهُۥٓ

ٱلنَّبِيُّ	أَوۡلَىٰ	بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ	مِنۡ أَنفُسِهِمۡۖ	وَأَزۡوَٰجُهُۥٓ
یہ نبی	زیادہ حقدار ہیں	(ہر قسم کا تصرف کرنے میں) مومنوں پر	ان کی جانوں سے بھی	اور اس کی بیویاں
یقیناً نبی ﷺ کا حق مؤمنوں پر خود ان کی جانوں سے بھی زیادہ ہے اور نبی ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔				

أُمَّهَٰتُهُمۡۗ وَأُوْلُواْ ٱلۡأَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلَىٰ بِبَعۡضٖ فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِ

أُمَّهَٰتُهُمۡۗ	وَأُوْلُواْ ٱلۡأَرۡحَامِ	بَعۡضُهُمۡ	أَوۡلَىٰ	بِبَعۡضٖ	فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِ
ان کی مائیں ہیں	اور رحم کے رشتے دار	بعض ان کے	زیادہ حقدار ہیں	بعض کے ساتھ	اللہ کی کتاب میں
اور رحمی رشتے رکھنے والے، اللہ کی کتاب کے مطابق، مؤمنین ومہاجرین کی نسبت ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں					

مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ وَٱلۡمُهَٰجِرِينَ إِلَّآ أَن تَفۡعَلُوٓاْ إِلَىٰٓ أَوۡلِيَآئِكُم

مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ	وَٱلۡمُهَٰجِرِينَ	إِلَّآ	أَن	تَفۡعَلُوٓاْ	إِلَىٰٓ أَوۡلِيَآئِكُم
دیگر مومنوں سے	اور مہاجرین سے	مگر	یہ کہ	تم کرو	اپنے دوستوں سے
سوائے اس کے کہ تم لوگ اپنے دوستوں کے ساتھ کوئی حُسن سلوک کرنا چاہو۔					

مَّعۡرُوفٗاۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي ٱلۡكِتَٰبِ مَسۡطُورٗا۝٦ وَإِذۡ

وَإِذۡ	مَسۡطُورٗا۝٦	فِي ٱلۡكِتَٰبِ	ذَٰلِكَ	كَانَ	مَّعۡرُوفٗاۚ
اور جب	لکھا ہوا	کتاب میں	یہی حکم	ہے	کوئی بھلائی (تو یہ جائز ہے)
یہ سب باتیں پہلے سے کتاب میں لکھی ہوئی ہیں۔					

أَخَذۡنَا مِنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مِيثَٰقَهُمۡ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٖ وَإِبۡرَٰهِيمَ

وَإِبۡرَٰهِيمَ	وَمِن نُّوحٖ	وَمِنكَ	مِيثَٰقَهُمۡ	مِنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ	أَخَذۡنَا
اور ابراہیم	اور نوح سے	اور آپؐ سے	ان کا پختہ عہد	تمام نبیوں سے	ہم نے لیا
اور (یاد کرو) جب ہم نے تمام انبیاء سے ان کا عہد لیا تھا اور آپؐ سے بھی اور نوحؑ، ابراہیم،					

وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ٱبۡنِ مَرۡيَمَۖ وَأَخَذۡنَا مِنۡهُم مِّيثَٰقًا غَلِيظٗا۝٧

غَلِيظٗا۝٧	مِّيثَٰقًا	مِنۡهُم	وَأَخَذۡنَا	وَعِيسَى ٱبۡنِ مَرۡيَمَۖ	وَمُوسَىٰ
بڑا پختہ	عہد	ان سے	اور ہم نے لیا	اور عیسیٰ ابن مریم سے	اور موسیٰ
موسیٰ اور عیسیٰ ابن مریم سے بھی، اور ان سب سے ہم نے بڑا پختہ عہد لیا تھا۔					

لِّيَسۡـَٔلَ ٱلصَّٰدِقِينَ عَن صِدۡقِهِمۡۚ وَأَعَدَّ لِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابًا أَلِيمٗا۝٨

عَذَابًا أَلِيمٗا۝٨	لِلۡكَٰفِرِينَ	وَأَعَدَّ	عَن صِدۡقِهِمۡۚ	ٱلصَّٰدِقِينَ	لِّيَسۡـَٔلَ
دردناک عذاب	کافروں کے لیے	اور اس نے تیار کیا ہے	ان کی سچائی کے متعلق	سچوں سے	تاکہ (اللہ) پوچھے
تاکہ اللہ سچوں سے ان کی سچائی کے متعلق پوچھے اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔					

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَةَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ جَآءَتۡكُمۡ جُنُودٞ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	ٱذۡكُرُواْ	نِعۡمَةَ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	إِذۡ جَآءَتۡكُمۡ	جُنُودٞ
اے ایمان والو!	تم یاد کرو	اللہ کا احسان	اپنے آپ پر	جب تم پر چڑھ آئے تھے	کئی لشکر
اے ایمان والو! اللہ نے جو تم پر احسان کیا اسے یاد کرو جبکہ تمھارے مقابلے میں فوجیں کی فوجیں آئیں					

فَأَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيحٗا وَجُنُودٗا لَّمۡ تَرَوۡهَاۚ وَكَانَ

فَأَرۡسَلۡنَا	عَلَيۡهِمۡ	رِيحٗا	وَجُنُودٗا	لَّمۡ تَرَوۡهَاۚ	وَكَانَ
پھر ہم نے بھیجی	ان پر	(سخت) ہوا	اور ایسے لشکر	کہ تم نے ان کو نہیں دیکھا	اور ہے
پھر ہم نے ان پر تند و تیز آندھی اور ایسے لشکر بھیجے جنہیں تم نے دیکھا ہی نہیں					

ٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرًا ٩ إِذۡ جَآءُوكُم

ٱللَّهُ	بِمَا	تَعۡمَلُونَ	بَصِيرًا ٩	إِذۡ	جَآءُوكُم
اللہ	اس کو جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	جب	وہ تم پر (چڑھ) آئے تھے
اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔					

مِّن فَوۡقِكُمۡ وَمِنۡ أَسۡفَلَ مِنكُمۡ وَإِذۡ زَاغَتِ ٱلۡأَبۡصَٰرُ وَبَلَغَتِ

مِّن فَوۡقِكُمۡ	وَمِنۡ أَسۡفَلَ مِنكُمۡ	وَإِذۡ	زَاغَتِ	ٱلۡأَبۡصَٰرُ	وَبَلَغَتِ
تمھارے اوپر سے	اور تمھارے نیچے سے	اور جب	پھر گئی تھیں	آنکھیں	اور پہنچ گئے تھے
جبکہ تمھارے پاس دشمن اوپر سے اور نیچے سے چڑھ آئے اور جب (خوف کے مارے) نگاہیں پتھرا گئیں					

ٱلۡقُلُوبُ ٱلۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِٱللَّهِ ٱلظُّنُونَا۠ ۝١٠ هُنَالِكَ

ٱلۡقُلُوبُ	ٱلۡحَنَاجِرَ	وَتَظُنُّونَ	بِٱللَّهِ	ٱلظُّنُونَا۠ ۝١٠	هُنَالِكَ
دل	گلوں تک	اور تم گمان کرتے تھے	اللہ کے بارے میں	طرح طرح کے گمان	وہاں (اس موقع پر)
اور دل حلق میں آ گئے اور تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔					

ٱبۡتُلِيَ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ وَزُلۡزِلُواْ زِلۡزَالٗا شَدِيدٗا ۝١١ وَإِذۡ

ٱبۡتُلِيَ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ	وَزُلۡزِلُواْ	زِلۡزَالٗا	شَدِيدٗا ۝١١	وَإِذۡ
آزمائے گئے	مومن	اور وہ ہلائے گئے	ہلایا جانا	نہایت سخت	اور جب
اُس وقت اہل ایمان کو خوب آزما لیا گیا اور وہ شدت کے ساتھ جھنجھوڑ ڈالے گئے۔					

يَقُولُ ٱلۡمُنَٰفِقُونَ وَٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٞ مَّا

يَقُولُ	ٱلۡمُنَٰفِقُونَ	وَٱلَّذِينَ	فِي قُلُوبِهِم	مَّرَضٞ	مَّا
کہہ رہے تھے	منافق	اور وہ لوگ	جن کے دلوں میں	روگ ہے	نہیں
اور اس وقت منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (شک کا) روگ تھا کہنے لگے					

وَعَدَنَا ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥٓ إِلَّا غُرُورٗا ۝١٢ وَإِذۡ

وَعَدَنَا	ٱللَّهُ	وَرَسُولُهُۥٓ	إِلَّا	غُرُورٗا ۝١٢	وَإِذۡ
وعدہ کیا ہم سے	اللہ نے	اور اس کے رسول نے	مگر	فریب کا	اور جب
اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے محض دھوکا فریب ہی کا وعدہ کیا تھا۔					

قَالَت طَّآئِفَةٌ مِّنهُم يَٰٓأَهلَ يَثرِبَ لَا مُقَامَ لَكُم

قَالَت	طَّآئِفَةٌ	مِّنهُم	يَٰٓأَهلَ يَثرِبَ	لَا مُقَامَ	لَكُم
کہا	ایک گروہ نے	ان میں سے	اے مدینے والو!	نہیں ٹھہرنے کی جگہ	تمھارے لیے
اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا اے مدینے والو! تمھارے لیے ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہیں					

فَٱرجِعُواْۚ وَيَستَـٔذِنُ فَرِيقٌ مِّنهُمُ ٱلنَّبِيَّ يَقُولُونَ

فَٱرجِعُواْۚ	وَيَستَـٔذِنُ	فَرِيقٌ	مِّنهُمُ	ٱلنَّبِيَّ	يَقُولُونَ
لہذا تم لوٹ جاؤ	اور اجازت مانگتا تھا	ایک فریق	ان میں سے	نبی سے	وہ کہتے تھے
لہذا تم لوٹ جاؤ اور ان میں سے ایک گروہ نبی ﷺ سے اجازت مانگتا تھا اور وہ کہتے تھے					

إِنَّ بُيُوتَنَا عَورَةٌ وَمَا هِيَ بِعَورَةٍۖ إِن يُرِيدُونَ

إِنَّ	بُيُوتَنَا	عَورَةٌ	وَمَا هِيَ	بِعَورَةٍۖ	إِن يُرِيدُونَ
بیشک	ہمارے گھر	غیر محفوظ ہیں	حالانکہ وہ نہیں تھے	غیر محفوظ	وہ نہیں چاہتے تھے
کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں تھے					

إِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾ وَلَو دُخِلَت عَلَيهِم

إِلَّا	فِرَارًا ﴿١٣﴾	وَلَو	دُخِلَت	عَلَيهِم
مگر	صرف بھاگنا	اور اگر	داخل کر دیئے جاتے (اس مدینہ میں)	ان پر
حقیقت میں وہ کچھ نہیں چاہتے تھے سوائے فرار کے۔ اور اگر مدینے کے اطراف سے ان پر کافروں کے لشکر داخل کیے جاتے				

مِّنۡ أَقۡطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُواْ ٱلۡفِتۡنَةَ

ٱلۡفِتۡنَةَ	سُئِلُواْ	ثُمَّ	مِّنۡ أَقۡطَارِهَا
فتنے (شرک یا خانہ جنگی) کا	ان سے مطالبہ کیا جاتا	پھر	اس (مدینہ) کے اطراف سے (کافروں کے لشکر)
پھر ان سے فتنے (شرک یا خانہ جنگی) کا مطالبہ کیا جاتا			

لَأَتَوۡهَا وَمَا تَلَبَّثُواْ بِهَآ إِلَّا يَسِيرًا ١٤ وَلَقَدۡ

وَلَقَدۡ	يَسِيرًا ١٤	إِلَّا	بِهَآ	وَمَا تَلَبَّثُواْ	لَأَتَوۡهَا
اور یقیناً	تھوڑی سی	مگر	اس میں	اور نہ دیر کرتے	تو وہ اسے ضرور اپنا لیتے
تو وہ اسے ضرور اپنا لیتے اور اس میں تھوڑی سی بھی دیر نہ کرتے ۔					

كَانُواْ عَٰهَدُواْ ٱللَّهَ مِن قَبۡلُ لَا يُوَلُّونَ ٱلۡأَدۡبَٰرَۚ وَكَانَ

وَكَانَ	ٱلۡأَدۡبَٰرَۚ	لَا يُوَلُّونَ	مِن قَبۡلُ	عَٰهَدُواْ ٱللَّهَ	كَانُواْ
اور ہے	پیٹھیں	کہ وہ نہیں پھیریں گے	اس سے پہلے	انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا	وہ تھے کہ
حالانکہ اس سے پہلے وہ اللہ سے وعدہ کر چکے تھے کہ وہ پیٹھیں نہیں پھیریں گے					

عَهۡدُ ٱللَّهِ مَسۡـُٔولًا ١٥ قُل لَّن يَنفَعَكُمُ ٱلۡفِرَارُ إِن

إِن	ٱلۡفِرَارُ	لَّن يَنفَعَكُمُ	قُل	مَسۡـُٔولًا ١٥	عَهۡدُ ٱللَّهِ
اگر	بھاگنا	تمھیں ہرگز نفع نہیں دے گا	کہہ دیجیے	(کہ اس کے متعلق) پوچھا جائے گا	اللہ کا عہد
اور اللہ سے کیے گئے عہد کہ متعلق پوچھا جائے گا۔(اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دیجیے کہ تمھارا یہ بھاگنا ہرگز نفع نہیں دے گا					

فَرَرۡتُم مِّنَ ٱلۡمَوۡتِ أَوِ ٱلۡقَتۡلِ وَإِذٗا لَّا تُمَتَّعُونَ

فَرَرۡتُم	مِّنَ ٱلۡمَوۡتِ	أَوِ	ٱلۡقَتۡلِ	وَإِذٗا	لَّا تُمَتَّعُونَ
تم بھاگو	موت سے	یا	قتل سے	اور اس وقت	تمھیں فائدہ نہیں دیا جائے گا
اگر تم موت یا قتل سے بھاگو گے تو اس وقت تمھیں (زندگی کے سازوسامان سے) فائدہ نہیں دیا جائے گا					

إِلَّا قَلِيلٗا ١٦ قُلۡ مَن ذَا ٱلَّذِي

إِلَّا	قَلِيلٗا ١٦	قُلۡ	مَن	ذَا	ٱلَّذِي
مگر	بہت تھوڑا	کہہ دیجیے	کون ہے	وہ	جو
مگر بہت تھوڑا۔ آپ ﷺ کہہ دیجیے کون ہے					

يَعۡصِمُكُم مِّنَ ٱللَّهِ إِنۡ أَرَادَ بِكُمۡ سُوٓءًا

يَعۡصِمُكُم	مِّنَ ٱللَّهِ	إِنۡ	أَرَادَ	بِكُمۡ	سُوٓءًا
تمھیں بچائے گا	اللہ سے	اگر	وہ ارادہ کرے	تمھارے ساتھ	کسی بُرائی کا
وہ جو تمھیں اللہ سے بچا سکتا ہے اگر وہ ارادہ کرے تمھارے ساتھ کسی بُرائی کا					

أَوۡ أَرَادَ بِكُمۡ رَحۡمَةٗۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم

أَوۡ	أَرَادَ	بِكُمۡ	رَحۡمَةٗۚ	وَلَا يَجِدُونَ	لَهُم
یا	وہ ارادہ کرے	تمھارے ساتھ	کسی رحمت کا؟	اور وہ نہیں پائینگے	اپنے لیے
یا وہ ارادہ کرے تمھارے ساتھ کسی رحمت کا؟ اور وہ نہیں پائینگے اپنے لیے					

مِّن دُونِ ٱللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ١٧ قَدۡ يَعۡلَمُ ٱللَّهُ

مِّن دُونِ ٱللَّهِ	وَلِيًّا	وَلَا نَصِيرًا ١٧	قَدۡ	يَعۡلَمُ	ٱللَّهُ
اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ کوئی مددگار	یقیناً	جانتا ہے	اللہ

اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ یقیناً اللہ خوب جانتا ہے

ٱلۡمُعَوِّقِينَ مِنكُمۡ وَٱلۡقَآئِلِينَ لِإِخۡوَٰنِهِمۡ هَلُمَّ إِلَيۡنَاۖ

ٱلۡمُعَوِّقِينَ	مِنكُمۡ	وَٱلۡقَآئِلِينَ	لِإِخۡوَٰنِهِمۡ	هَلُمَّ	إِلَيۡنَاۖ
(جہاد سے) روکنے والوں کو	تم میں سے	اور کہنے والوں کو	اپنے بھائیوں سے	آؤ	ہماری طرف

تم میں سے ان لوگوں کو جو جہاد سے روکنے والے ہیں اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والے ہیں کہ ہماری طرف آجاؤ!

وَلَا يَأۡتُونَ ٱلۡبَأۡسَ إِلَّا قَلِيلًا ١٨ أَشِحَّةً عَلَيۡكُمۡۖ

وَلَا يَأۡتُونَ	ٱلۡبَأۡسَ	إِلَّا	قَلِيلًا ١٨	أَشِحَّةً	عَلَيۡكُمۡۖ
اور وہ نہیں آتے	لڑائی میں	مگر	تھوڑی دیر ہی	اس حال میں کہ وہ بخیل ہیں	تم پر

اور وہ نہیں آتے جنگ کی طرف مگر بہت تھوڑی دیر کے لیے۔ (اے مسلمانو!) تمھارا ساتھ دینے میں یہ سخت بخیل ہیں

فَإِذَا جَآءَ ٱلۡخَوۡفُ رَأَيۡتَهُمۡ يَنظُرُونَ إِلَيۡكَ تَدُورُ

فَإِذَا	جَآءَ ٱلۡخَوۡفُ	رَأَيۡتَهُمۡ	يَنظُرُونَ	إِلَيۡكَ	تَدُورُ
پھر جب	ان پر خوف آتا ہے	تو آپؐ انہیں دیکھتے ہیں	کہ وہ دیکھتے ہیں	آپؐ کی طرف (اس طرح کہ)	گھومتی ہیں

پھر جب ان پر خوف آتا ہے تو آپؐ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ آپؐ کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں کہ گھومتی ہیں

أَعۡيُنُهُمۡ كَٱلَّذِي يُغۡشَىٰ عَلَيۡهِ مِنَ ٱلۡمَوۡتِۖ فَإِذَا

أَعۡيُنُهُمۡ	كَٱلَّذِي	يُغۡشَىٰ	عَلَيۡهِ	مِنَ ٱلۡمَوۡتِۖ	فَإِذَا
ان کی آنکھیں	اس شخص کی طرح کہ	غشی طاری ہو	اس پر	موت کی	پھر جب
ان کی آنکھیں اس شخص کی آنکھوں کی طرح کہ جس پر موت کی غشی طاری ہو					

ذَهَبَ ٱلۡخَوۡفُ سَلَقُوكُم بِأَلۡسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً

ذَهَبَ	ٱلۡخَوۡفُ	سَلَقُوكُم	بِأَلۡسِنَةٍ حِدَادٍ	أَشِحَّةً
دور ہو جاتا ہے	خوف	تو تم پر چڑھ چڑھ کر بولتے ہیں	تیز تیز زبانوں سے	اس حال میں کہ وہ حریص ہیں
پھر جب خوف دور ہو جاتا ہے تو تم پر تیز تیز زبانوں سے چڑھ چڑھ کر بولتے ہیں				

عَلَى ٱلۡخَيۡرِۚ أُوْلَٰٓئِكَ لَمۡ يُؤۡمِنُواْ فَأَحۡبَطَ ٱللَّهُ أَعۡمَٰلَهُمۡۚ وَكَانَ

عَلَى ٱلۡخَيۡرِۚ	أُوْلَٰٓئِكَ	لَمۡ يُؤۡمِنُواْ	فَأَحۡبَطَ ٱللَّهُ	أَعۡمَٰلَهُمۡۚ	وَكَانَ
مال (غنیمت) پر	یہ لوگ ہیں کہ	وہ ایمان نہیں لائے	چنانچہ اللہ نے ضائع کر دیئے	ان کے عمل	اور ہے
اس حال میں کہ وہ مال (غنمیت) پر حریص ہیں یہ لوگ ہیں کہ وہ ایمان نہیں لائے چنانچہ اللہ نے ان کے اعمال ضائع کر دیئے					

ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٗا ١٩ يَحۡسَبُونَ ٱلۡأَحۡزَابَ لَمۡ يَذۡهَبُواْۖ

ذَٰلِكَ	عَلَى ٱللَّهِ	يَسِيرٗا ١٩	يَحۡسَبُونَ	ٱلۡأَحۡزَابَ	لَمۡ يَذۡهَبُواْۖ
یہ	اللہ پر	بہت آسان	وہ گمان کرتے ہیں	لشکروں کو	کہ (ابھی تک) وہ نہیں گئے
اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔ وہ لشکروں کے بارے میں سمجھتے ہیں کہ ابھی تک وہ نہیں گئے					

وَإِن يَأۡتِ ٱلۡأَحۡزَابُ يَوَدُّواْ لَوۡ أَنَّهُم بَادُونَ

وَإِن	يَأۡتِ	ٱلۡأَحۡزَابُ	يَوَدُّواْ	لَوۡ أَنَّهُم	بَادُونَ
اور اگر	آجائیں	لشکر	تو وہ خواہش کریں گے	کاش کہ بیشک وہ ہوتے	صحرا نشین
اور اگر لشکر دوبارہ حملہ آور ہو جائیں تو وہ خواہش کریں گے کاش کہ بیشک وہ دیہاتیوں کے ساتھ صحرا نشین ہوتے					

فِي ٱلۡأَعۡرَابِ يَسۡـَٔلُونَ عَنۡ أَنۢبَآئِكُمۡۖ وَلَوۡ كَانُواْ فِيكُم

فِي ٱلۡأَعۡرَابِ	يَسۡـَٔلُونَ	عَنۡ أَنۢبَآئِكُمۡۖ	وَلَوۡ	كَانُواْ	فِيكُم
دیہاتیوں (کے ساتھ رہنے والوں) میں	پوچھتے (رہتے)	تمھاری خبروں کے متعلق	اور اگر	ہوتے	تمھارے اندر
(اور وہیں سے) تمھاری خبریں معلوم کرتے رہتے۔ اور اگر وہ تمھارے اندر ہوتے					

مَّا قَٰتَلُوٓاْ إِلَّا قَلِيلٗا ٢٠ لَّقَدۡ كَانَ لَكُمۡ

مَّا قَٰتَلُوٓاْ	إِلَّا	قَلِيلٗا ٢٠	لَّقَدۡ	كَانَ	لَكُمۡ
تو وہ نہ لڑتے	مگر	تھوڑا ہی	یقیناً	ہے	تمھارے لیے
تو وہ نہ لڑتے مگر تھوڑا ہی۔(اے مسلمانو!) تمھارے لیے اللہ کے رسول ﷺ میں ایک بہترین نمونہ ہیں					

فِي رَسُولِ ٱللَّهِ أُسۡوَةٌ حَسَنَةٞ لِّمَن كَانَ يَرۡجُواْ ٱللَّهَ وَٱلۡيَوۡمَ ٱلۡأٓخِرَ

فِي رَسُولِ ٱللَّهِ	أُسۡوَةٌ	حَسَنَةٞ	لِّمَن	كَانَ يَرۡجُواْ ٱللَّهَ	وَٱلۡيَوۡمَ ٱلۡأٓخِرَ
اللہ کے رسول میں	نمونہ	نہایت اچھا	اس شخص کے لیے جو	اللہ (سے ملاقات) کی اُمید رکھتا ہے	اور یوم آخرت کی
اس شخص کے لیے جو اللہ سے ملاقات کی اور یوم آخرت کی اُمید رکھتا ہے					

وَذَكَرَ ٱللَّهَ كَثِيرٗا ٢١ وَلَمَّا رَءَا ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ٱلۡأَحۡزَابَ

وَذَكَرَ ٱللَّهَ	كَثِيرٗا ٢١	وَلَمَّا	رَءَا	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ	ٱلۡأَحۡزَابَ
اور اللہ کو یاد کرتا ہے	بہت زیادہ	اور جب	دیکھا	مومنوں نے	لشکروں کو
اور اللہ کو بہت زیادہ یاد کرتا ہے۔ اور جب مومنوں نے (کافروں کے) لشکروں کو دیکھا					

قَالُواْ هَٰذَا مَا وَعَدَنَا ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَصَدَقَ ٱللَّهُ

قَالُواْ	هَٰذَا مَا	وَعَدَنَا	ٱللَّهُ	وَرَسُولُهُۥ	وَصَدَقَ ٱللَّهُ
تو انہوں نے کہا	یہ وہی ہے جس کا	ہم سے وعدہ کیا	اللہ نے	اور اس کے رسول نے	اور سچ کہا اللہ نے
تو انہوں نے کہا یہ وہی ہے جس کا ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا					

وَرَسُولُهُۥۚ وَمَا زَادَهُمۡ إِلَّآ إِيمَٰنٗا وَتَسۡلِيمٗا ٢٢ مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ

وَرَسُولُهُۥ	وَمَا زَادَهُمۡ	إِلَّآ	إِيمَٰنٗا	وَتَسۡلِيمٗا ٢٢	مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ
اور اس کے رسول نے	اور اس نے ان کو نہیں کیا زیادہ	مگر	ایمان	اور فرمانبداری	مومنوں میں سے کچھ
اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا اور اس واقعہ نے ان میں کسی بھی شے کا اضافہ نہیں کیا مگر ایمان اور فرمانبداری کا۔					

رِجَالٞ صَدَقُواْ مَا عَٰهَدُواْ ٱللَّهَ عَلَيۡهِۖ

رِجَالٞ	صَدَقُواْ	مَا	عَٰهَدُواْ	ٱللَّهَ	عَلَيۡهِۖ
ایسے جوان مرد ہیں	کہ انہوں نے سچا کر دکھایا	اس (عہد) کو جو	انہوں نے عہد کیا تھا	اللہ سے	اس پر
مومنوں میں سے کچھ ایسے جوان مرد ہیں کہ انہوں نے اس عہد کو سچا کر دکھایا جو انہوں نے اللہ سے کیا تھا					

فَمِنۡهُم مَّن قَضَىٰ نَحۡبَهُۥ وَمِنۡهُم مَّن

فَمِنۡهُم	مَّن	قَضَىٰ	نَحۡبَهُۥ	وَمِنۡهُم	مَّن
سو کچھ ان میں سے	وہ ہیں جنہوں نے	پوری کر دی	اپنی نذر	اور کچھ ان میں سے	وہ ہیں جو
سو کچھ ان میں سے وہ ہیں جنہوں نے اپنی نذر پوری کر دی اور کچھ ان میں سے وہ ہیں					

يَنتَظِرُۖ وَمَا بَدَّلُواْ تَبۡدِيلٗا ٢٣ لِّيَجۡزِيَ ٱللَّهُ ٱلصَّٰدِقِينَ

يَنتَظِرُۖ	وَمَا بَدَّلُواْ	تَبۡدِيلٗا ٢٣	لِّيَجۡزِيَ	ٱللَّهُ	ٱلصَّٰدِقِينَ
انتظار کر رہے ہیں	اور انہوں نے تبدیل نہیں کی	ذرا بھی تبدیلی	تا کہ بدلہ دے	اللہ	سچوں کو
جو انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی۔ تا کہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے					

بِصِدۡقِهِمۡ وَيُعَذِّبَ ٱلۡمُنَٰفِقِينَ إِن شَآءَ أَوۡ

بِصِدۡقِهِمۡ	وَيُعَذِّبَ	ٱلۡمُنَٰفِقِينَ	إِن	شَآءَ	أَوۡ
ان کی سچائی کا	اور عذاب دے	منافقوں کو	اگر	وہ چاہے	یا
اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے اور چاہے تو ان کی توبہ قبول کرلے					

يَتُوبَ عَلَيۡهِمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ غَفُورٗا

يَتُوبَ	عَلَيۡهِمۡۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	كَانَ	غَفُورٗا
وہ توجہ کرے	ان پر	بیشک	اللہ	ہے	بہت بخشنے والا
بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔					

رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾ وَرَدَّ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِغَيْظِهِمْ

رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾	وَرَدَّ ٱللَّهُ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُوا۟	بِغَيْظِهِمْ
نہایت رحم کرنے والا	اور اللہ نے لوٹا دیا	ان لوگوں کو جنہوں نے	کفر کیا	ان کے غصے کے ساتھ
اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصے کے ساتھ لوٹا دیا				

لَمْ يَنَالُوا۟ خَيْرًا ۚ وَكَفَى ٱللَّهُ ٱلْمُؤْمِنِينَ ٱلْقِتَالَ ۚ

لَمْ يَنَالُوا۟	خَيْرًا ۚ	وَكَفَى	ٱللَّهُ	ٱلْمُؤْمِنِينَ	ٱلْقِتَالَ ۚ
انہوں نے حاصل نہیں کی	کوئی بھلائی	اور کافی ہو گیا	اللہ	مومنوں کو	لڑائی سے
وہ کوئی کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ اور اللہ کافی رہا اہل ایمان کی طرف سے قتال کے لیے۔					

وَكَانَ ٱللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾ وَأَنزَلَ ٱلَّذِينَ

وَكَانَ	ٱللَّهُ	قَوِيًّا	عَزِيزًا ﴿٢٥﴾	وَأَنزَلَ	ٱلَّذِينَ
اور ہے	اللہ	بڑا طاقتور	نہایت غالب	اور اس (اللہ) نے اُتار دیا	ان لوگوں کو جنہوں نے
اور یقیناً اللہ بڑی طاقت والا، سب پر غالب ہے۔ اور اس (اللہ) نے اُتار دیا ان لوگوں کو جنہوں نے					

ظَٰهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِى قُلُوبِهِمُ

ظَٰهَرُوهُم	مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ	مِن صَيَاصِيهِمْ	وَقَذَفَ	فِى قُلُوبِهِمُ
ان (مشرکوں) کی مدد کی تھی	اہل کتاب میں سے	ان کے قلعوں سے	اور اس نے ڈال دیا	اُن کے دلوں میں
ان (مشرکوں) کی مدد کی تھی اہل کتاب میں سے ان کے قلعوں سے اور اس نے اُن کے دلوں میں رعب ڈال دیا				

ٱلرُّعۡبَ فَرِيقٗا تَقۡتُلُونَ وَتَأۡسِرُونَ فَرِيقٗا ٢٦ وَأَوۡرَثَكُمۡ

ٱلرُّعۡبَ	فَرِيقٗا	تَقۡتُلُونَ	وَتَأۡسِرُونَ	فَرِيقٗا ٢٦	وَأَوۡرَثَكُمۡ
رعب	ایک گروہ کو	تم قتل کرتے تھے	اور قید کرتے تھے	ایک گروہ کو	اور اس نے تمھیں وارث بنادیا
تو اب تم ایک گروہ کو قتل کرتے تھے اور ایک گروہ کو قید کرتے تھے اور اس نے تمھیں وارث بنادیا					

أَرۡضَهُمۡ وَدِيَٰرَهُمۡ وَأَمۡوَٰلَهُمۡ وَأَرۡضٗا لَّمۡ تَطَـُٔوهَاۚ

أَرۡضَهُمۡ	وَدِيَٰرَهُمۡ	وَأَمۡوَٰلَهُمۡ	وَأَرۡضٗا	لَّمۡ تَطَـُٔوهَاۚ
ان کی زمین کا	اور ان کے گھروں کا	اور ان کے مالوں کا	اور اس زمین کا	کہ تم نے ابھی اس میں قدم نہیں رکھے تھے
ان کی زمینوں ان کے گھروں اور ان کے مالوں کا۔ اور اس زمین کا بھی جس پر ابھی تم نے قدم نہیں رکھے تھے				

وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٗا ٢٧ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ قُل

وَكَانَ	ٱللَّهُ	عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ	قَدِيرٗا ٢٧	يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ	قُل
اور ہے	اللہ	ہر چیز پر	قادر	اے نبیؐ	کہہ دیجیے
اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے نبیؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کہہ دیجیے					

لِّأَزۡوَٰجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدۡنَ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيۡنَ

لِّأَزۡوَٰجِكَ	إِن	كُنتُنَّ تُرِدۡنَ	ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا	وَزِينَتَهَا	فَتَعَالَيۡنَ
اپنی بیویوں سے	اگر	تم چاہتی ہو	دنیا کی زندگی کو	اور اس کی زیب وزینت کو	تو آؤ
اپنی بیویوں سے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زیب وزینت چاہتی ہو تو آؤ					

أُمَتِّعۡكُنَّ وَأُسَرِّحۡكُنَّ سَرَاحٗا جَمِيلٗا ۝٢٨ وَإِن

أُمَتِّعۡكُنَّ	وَأُسَرِّحۡكُنَّ	سَرَاحٗا	جَمِيلٗا ۝٢٨	وَإِن
میں تمھیں کچھ سامان دے دوں	اور تمھیں رخصت کر دوں	رخصت کرنا	اچھے طریقے سے	اور اگر
میں تمھیں کچھ سامان دے دلا کر اچھے طریقے سے رخصت کر دوں۔				

كُنتُنَّ تُرِدۡنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَٱلدَّارَ ٱلۡأٓخِرَةَ فَإِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ

كُنتُنَّ تُرِدۡنَ ٱللَّهَ	وَرَسُولَهُۥ	وَٱلدَّارَ ٱلۡأٓخِرَةَ	فَإِنَّ ٱللَّهَ	أَعَدَّ
تم اللہ کو چاہتی ہو	اور اس کے رسول کو	اور آخرت کے گھر کو	تو بیشک اللہ نے	تیار کیا ہے
اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو تو (اطمینان رکھو کہ)				

لِلۡمُحۡسِنَٰتِ مِنكُنَّ أَجۡرًا عَظِيمٗا ۝٢٩ يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ مَن

لِلۡمُحۡسِنَٰتِ	مِنكُنَّ	أَجۡرًا	عَظِيمٗا ۝٢٩	يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ	مَن
نیکی کرنے والیوں کے لیے	تم میں سے	اجر	بہت بڑا	اے نبیؐ کی بیویوں!	جو کوئی
اللہ نے تم جیسی نیک خواتین کے لیے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔ اے نبیؐ کی بیویوں!					

يَأۡتِ مِنكُنَّ بِفَٰحِشَةٖ مُّبَيِّنَةٖ يُضَٰعَفۡ لَهَا

يَأۡتِ	مِنكُنَّ	بِفَٰحِشَةٖ	مُّبَيِّنَةٖ	يُضَٰعَفۡ	لَهَا
کرے گی	تم میں سے	کوئی بُری حرکت	واضح	تو دگنا دیا جائے گا	اسے
تم میں سے جو کوئی (بالفرض) کسی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کرے گی اسے دوگنا عذاب دیا جائے گا					

ٱلْعَذَابُ ضِعْفَيْنِۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا۝٣٠

ٱلْعَذَابُ	ضِعْفَيْنِۚ	وَكَانَ	ذَٰلِكَ	عَلَى ٱللَّهِ	يَسِيرًا۝٣٠
عذاب	دوہرا	اور ہے	یہ	اللہ پر	بہت آسان
اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔					

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَتَعْمَلْ صَٰلِحًا

وَمَن	يَقْنُتْ	مِنكُنَّ	لِلَّهِ وَرَسُولِهِۦ	وَتَعْمَلْ	صَٰلِحًا
اور جو	فرمانبداری کرے	تم میں سے	اللہ اور اس کے رسول کی	اور وہ عمل کرے	نیک
اور تم میں سے جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبداری کرے اور نیک عمل کرے					

نُّؤْتِهَآ أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيمًا۝٣١

نُّؤْتِهَآ	أَجْرَهَا	مَرَّتَيْنِ	وَأَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا كَرِيمًا۝٣١
تو ہم اسے دینگے	اس کا اجر	دوبار (دگنا)	اور ہم نے تیار کیا ہے	اس کے لیے	باعزت رزق
تو ہم اسے دوگنا اجر دینگے اور اس کے لیے ہم نے باعزت رزق تیار کیا ہے۔					

يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ ٱلنِّسَآءِ إِنِ ٱتَّقَيْتُنَّۚ

يَٰنِسَآءَ ٱلنَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَأَحَدٍ	مِّنَ ٱلنِّسَآءِ	إِنِ	ٱتَّقَيْتُنَّۚ
اے نبیؐ کی بیویو!	تم نہیں ہو	کسی ایک جیسی	عورتوں میں سے	اگر	تم تقویٰ اختیار کرو
اے نبیؐ کی بیویو! تم عام عورتوں کی مانند نہیں ہو اگر تم تقویٰ اختیار کرو					

فَلَا تَخْضَعْنَ بِٱلْقَوْلِ فَيَطْمَعَ ٱلَّذِى فِى قَلْبِهِۦ مَرَضٌ

فَلَا تَخْضَعْنَ	بِٱلْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	ٱلَّذِى	فِى قَلْبِهِۦ	مَرَضٌ
توتم نزاکت اختیار نہ کرو	بات چیت میں	کہ طمع کرنے لگے	وہ شخص کہ	جس کے دل میں	روگ(ہوس)ہو
توتم بات چیت میں نزاکت اختیار نہ کرو کہ وہ شخص جس کے دل میں روگ ہے وہ کسی لالچ میں پڑ جائے					

وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝٣٢ وَقَرْنَ فِى بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ

وَقُلْنَ	قَوْلًا	مَّعْرُوفًا ۝٣٢	وَقَرْنَ	فِى بُيُوتِكُنَّ	وَلَا تَبَرَّجْنَ
اور تم کہو	بات	معقول	اور تم ٹکی رہو	اپنے گھروں میں	اور تم زیب وزینت ظاہر نہ کرو
اور تم معقول بات کہو۔ اور تم اپنے گھروں میں ٹکی رہو					

تَبَرُّجَ ٱلْجَٰهِلِيَّةِ ٱلْأُولَىٰ ۖ وَأَقِمْنَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتِينَ ٱلزَّكَوٰةَ

تَبَرُّجَ	ٱلْجَٰهِلِيَّةِ ٱلْأُولَىٰ ۖ	وَأَقِمْنَ	ٱلصَّلَوٰةَ	وَءَاتِينَ	ٱلزَّكَوٰةَ
(مانند)زینت ظاہر کرنے کے	پہلی جاہلیت میں	اور تم قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ
اور مت نکلو بن سنور کر پہلے دور جاہلیت کی طرح اور نماز قائم کرو زکوٰۃ ادا کرو					

وَأَطِعْنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥٓ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُذْهِبَ

وَأَطِعْنَ	ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥٓ ۚ	إِنَّمَا	يُرِيدُ	ٱللَّهُ	لِيُذْهِبَ
اور تم اطاعت کرو	اللہ اور اس کے رسول کی	بس	چاہتا ہے	اللہ	کہ وہ دور کردے
اور اللہ اور رسول کے اطاعت کرو۔ اللہ تو بس یہی چاہتا ہے					

عَنكُمُ ٱلرِّجۡسَ أَهۡلَ ٱلۡبَيۡتِ وَيُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيرٗا۝٣٣ وَٱذۡكُرۡنَ

عَنكُمُ	ٱلرِّجۡسَ	أَهۡلَ ٱلۡبَيۡتِ	وَيُطَهِّرَكُمۡ	تَطۡهِيرٗا۝٣٣	وَٱذۡكُرۡنَ
تم سے	ناپاکی	اے اہل بیت!	اور وہ تمھیں پاک کردے	پورے طرح پاک کرنا	اور تم یاد کرو
اے نبیؐ کے گھر والو! کہ وہ دور کردے تم سے ناپاکی اور تمھیں خوب اچھی طرح پاک کردے۔ اور تم یاد کرو					

مَا يُتۡلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ مِنۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱلۡحِكۡمَةِۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ

مَا	يُتۡلَىٰ	فِي بُيُوتِكُنَّ	مِنۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱلۡحِكۡمَةِۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ كَانَ
جو	پڑھی جاتی ہیں	تمھارے گھروں میں	اللہ کی آیات اور حکمت میں سے	بیشک	اللہ ہے
جو تمھارے گھروں میں اللہ کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہیں اور حکمت کی باتیں سنائی جاتی ہیں					

لَطِيفًا خَبِيرًا۝٣٤ إِنَّ ٱلۡمُسۡلِمِينَ وَٱلۡمُسۡلِمَٰتِ وَٱلۡمُؤۡمِنِينَ

لَطِيفًا	خَبِيرًا۝٣٤	إِنَّ	ٱلۡمُسۡلِمِينَ	وَٱلۡمُسۡلِمَٰتِ	وَٱلۡمُؤۡمِنِينَ
نہایت باریک بین	بڑا خبردار	یقیناً	مسلمان مرد	اور مسلمان عورتیں	اور مومن مرد
یقیناً اللہ بہت باریک بین، ہر چیز سے باخبر ہے۔ یقیناً مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد					

وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ وَٱلۡقَٰنِتِينَ وَٱلۡقَٰنِتَٰتِ وَٱلصَّٰدِقِينَ وَٱلصَّٰدِقَٰتِ

وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ	وَٱلۡقَٰنِتِينَ	وَٱلۡقَٰنِتَٰتِ	وَٱلصَّٰدِقِينَ	وَٱلصَّٰدِقَٰتِ
اور مومن عورتیں	اور فرمانبدار مرد	اور فرمانبدار عورتیں	اور راست باز مرد	اور راست باز عورتیں
اور مومن عورتیں اور فرمانبدار مرد اور فرمانبدار عورتیں اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں				

وَٱلصَّٰبِرِينَ وَٱلصَّٰبِرَٰتِ وَٱلْخَٰشِعِينَ وَٱلْخَٰشِعَٰتِ

وَٱلصَّٰبِرِينَ	وَٱلصَّٰبِرَٰتِ	وَٱلْخَٰشِعِينَ	وَٱلْخَٰشِعَٰتِ
اور صبر کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں	اور خشوع (عاجزی) کرنے والے مرد	اور خشوع کرنے والی عورتیں
اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور خشوع (عاجزی) کرنے والے مرد اور خشوع کرنے والی عورتیں			

وَٱلْمُتَصَدِّقِينَ وَٱلْمُتَصَدِّقَٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ

وَٱلْمُتَصَدِّقِينَ	وَٱلْمُتَصَدِّقَٰتِ	وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ
اور صدقہ کرنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں	اور روزے دار مرد	اور روزے دار عورتیں
اور صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں اور روزے دار مرد اور روزے دار عورتیں			

وَٱلْحَٰفِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَٱلْحَٰفِظَٰتِ وَٱلذَّٰكِرِينَ

وَٱلْحَٰفِظِينَ	فُرُوجَهُمْ	وَٱلْحَٰفِظَٰتِ	وَٱلذَّٰكِرِينَ
اور حفاظت کرنے والے مرد	اپنی شرمگاہوں کی	اور حفاظت کرنے والی عورتیں	اور ذکر کرنے والے مرد
اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد			

ٱللَّهَ كَثِيرًا وَٱلذَّٰكِرَٰتِ أَعَدَّ ٱللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً

ٱللَّهَ كَثِيرًا	وَٱلذَّٰكِرَٰتِ	أَعَدَّ	ٱللَّهُ	لَهُم	مَّغْفِرَةً
اللہ کا کثرت سے	اور ذکر کرنے والی عورتیں	تیار کر رکھی ہیں	اللہ نے	اُن کے لیے	بخشش
اور ذکر کرنے والی عورتیں اللہ نے ان سب کے لیے مغفرت اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔					

وَأَجْرًا عَظِيمًا۝٣٥ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى

وَأَجْرًا	عَظِيمًا۝٣٥	وَمَا كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	وَلَا مُؤْمِنَةٍ	إِذَا قَضَى
اور اجر	بہت بڑا	اور نہیں ہے لائق	کسی مومن کے	اور نہ کسی مومنہ کہ	کہ جب فیصلہ کر دے
اور (دیکھو) کسی مومن مرد اور عورت کو اللہ اور اُس کے رسول کے فیصلے کے بعد					

ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥٓ أَمْرًا أَن يَكُونَ لَهُمُ ٱلْخِيَرَةُ

ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥٓ	أَمْرًا	أَن	يَكُونَ	لَهُمُ	ٱلْخِيَرَةُ
اللہ اور اس کا رسول	کسی معاملے کا	یہ کہ	(اس کے بعد) ہو	اُن کے لیے	اختیار
اپنے کسی امر کا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا					

مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ وَمَن يَعْصِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَقَدْ ضَلَّ

مِنْ أَمْرِهِمْ ۗ	وَمَن	يَعْصِ	ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ	فَقَدْ	ضَلَّ
ان کے معاملے میں	اور جو کوئی	نافرمانی کرے	اللہ اور اس کے رسول کی	تو یقیناً	وہ گمراہ ہو گیا
(یاد رکھو) اللہ اور اُس کے رسول کی جو بھی نافرمانی کرے					

ضَلَٰلًا مُّبِينًا۝٣٦ وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِىٓ أَنْعَمَ ٱللَّهُ

ضَلَٰلًا	مُّبِينًا۝٣٦	وَإِذْ	تَقُولُ	لِلَّذِىٓ	أَنْعَمَ ٱللَّهُ
گمراہ	کھلا	اور جب	آپؐ کہہ رہے تھے	اس شخص سے کہ	اللہ نے انعام کیا
وہ صریح گمراہی میں پڑے گا۔ اور (اے نبی ﷺ) جب آپؐ کہتے تھے اس شخص سے کہ اس پر اللہ نے انعام کیا					

عَلَيۡهِ وَأَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِ أَمۡسِكۡ عَلَيۡكَ زَوۡجَكَ

عَلَيۡهِ	وَأَنۡعَمۡتَ	عَلَيۡهِ	أَمۡسِكۡ	عَلَيۡكَ	زَوۡجَكَ
اس پر	اور آپؐ نے بھی انعام کیا	اس پر	کہ تو روک رکھ	اپنے پاس	اپنی بیوی کو
اور آپؐ نے بھی اس پر انعام کیا کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس روکے رکھو					

وَٱتَّقِ ٱللَّهَ وَتُخۡفِي فِي نَفۡسِكَ مَا ٱللَّهُ مُبۡدِيهِ

وَٱتَّقِ ٱللَّهَ	وَتُخۡفِي	فِي نَفۡسِكَ	مَا	ٱللَّهُ	مُبۡدِيهِ
اور اللہ سے ڈر	اور آپؐ چھپا رہے تھے	اپنے دل میں	وہ (بات) کہ	اللہ	اسے ظاہر کرنے والا تھا
اور اللہ سے ڈرو اور آپؐ اپنے دل میں وہ بات چھپا رہے تھے کہ اللہ اسے ظاہر کرنے والا تھا					

وَتَخۡشَى ٱلنَّاسَ وَٱللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخۡشَىٰهُۖ

وَتَخۡشَى	ٱلنَّاسَ	وَٱللَّهُ	أَحَقُّ	أَن	تَخۡشَىٰهُۖ
اور آپؐ ڈر رہے تھے	لوگوں سے	اور اللہ	زیادہ حق دار ہے	اس بات کا کہ	آپؐ اس سے ڈریں
اور آپؐ لوگوں سے ڈر رہے تھے اور اللہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ آپؐ اس سے ڈریں					

فَلَمَّا قَضَىٰ زَيۡدٌ مِّنۡهَا وَطَرًا زَوَّجۡنَٰكَهَا

فَلَمَّا	قَضَىٰ	زَيۡدٌ	مِّنۡهَا	وَطَرًا	زَوَّجۡنَٰكَهَا
پھر جب	پوری کرلی	زید نے	اس سے	اپنی حاجت	تو (عدت کے بعد) ہم نے آپؐ سے اس کا نکاح کردیا
پھر جب زید نے اس سے اپنی حاجت پوری کرلی تو (عدت کے بعد) ہم نے آپؐ سے اس کا نکاح کردیا					

لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِيٓ أَزْوَٰجِ أَدْعِيَآئِهِمْ

لِكَيْ لَا يَكُونَ	عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ	حَرَجٌ	فِيٓ أَزْوَٰجِ أَدْعِيَآئِهِمْ
تاکہ نہ ہو	مومنوں پر	کوئی حرج	ان لے پالکوں کی بیویوں (سے طلاق کے بعد نکاح کر لینے) میں
تاکہ مومنوں پر کوئی حرج نہ ہو ان لے پالکوں کی بیویوں (سے طلاق کے بعد نکاح کر لینے) میں			

إِذَا قَضَوْا۟ مِنْهُنَّ وَطَرًا ۚ وَكَانَ أَمْرُ ٱللَّهِ مَفْعُولًا ﴿٣٧﴾

إِذَا قَضَوْا۟	مِنْهُنَّ	وَطَرًا ۚ	وَكَانَ	أَمْرُ ٱللَّهِ	مَفْعُولًا ﴿٣٧﴾
